اقبال شناسی اور قرآن

○

مرتّب

بیدار ملک

○

نظرِثانی

محمد عبداللہ قریشی

☆

بزمِ اقبال ○ کلب روڈ ○ لاہور

اقبال شناسی اور فاران

○

مرتب

بیدار ملک

○

نظر ثانی

محمد عبداللہ قریشی

☆

بزمِ اقبال ○ لاہور

جملہ حقوق محفوظ

طبع اول : نومبر ۱۹۸۸ء

تعداد : ۱۱۰۰

○

ناشر : ڈاکٹر وحید قریشی
اعزازی معتمد بزم اقبال ، ۲ ۔ کلب روڈ ۔ لاہور

مطبع : ظفر سنز پرنٹرز
۹ بی ، کوپر روڈ ، لاہور

طابع : سید ظفر الحسن رضوی

صفحات : ۱۲۸

قیمت : ۲۵ روپے

○

فہرست

عنوان　　　　　　　　　　　　　　صفحہ

۱ - دیباچہ　　　　مرتب　　　　۱

۲ - اقبال کی لفظی تصویر
پروفیسر حمید احمد خاں　　　　۳

۳ - اقبال — غزل سے فلسفہ تک
توقیر سلیم خاں　　　　۱۱

۴ - اقبال کا تصورِ معیشت
افتخار الحسن زاہد　　　　۲۳

۵ - اقبال کا تصورِ فن
مس خالدہ ناہید　　　　۳۱

۶ - علامہ اقبال اور اسلامیہ کالج
ڈاکٹر وحید قریشی　　　　۳۹

۷ - کتابیاتِ اقبال　　　　بیدار ملک　　　　۴۴

8. Self in the Light of Relativity
Dr. Sir Sh. Muhammad Iqbal　　　　1

9. The Reconstruction of Thought in Iqbal.
Prof. Irshad-ul-Hasan　　　　8

10. The Universal Note in Iqbal's Poetry.
Prof. Hamid Ahmad Khan　　　　25

11. Wordworth & Iqbal.
Muhammad Siddiq　　　　47

12. Contradictions in Iqbal's Thought.
Bedar Malik　　　　71

انتساب

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

(اقبالؒ)

دیباچہ

اسلامیہ کالج سول لائنز ، لاہور دراصل شہر لاہور میں بڑھتے ہوئے علمی تقاضوں کی ایک توسیع تھی - ۵۴ - ۱۹۵۳ء میں برِ صغیر کی عظیم درس گاہ اسلامیہ کالج ، طلباء کی تعداد کے زیادہ ہونے کے باعث ڈی - اے - وی کالج کی متروکہ عمارت میں چلی گئی تھی ، لیکن اس میں بعض اوقات ایک یا دو ادارے بیک وقت سامنے رہے - ۱۹۶۹ء میں جب یہ عمارت پورے طور پر انجمن حمایت اسلام کی تحویل میں آ گئی تو اسے ایک الگ کالج کا درجہ دیا گیا اور وطنِ عزیز کے ایک گراں مایہ ماہرِ تعلیم ادیب اور نقاد جناب پروفیسر حمید احمد خاں مرحوم اس کالج کے پہلے پرنسپل بنے - انھوں نے اس کالج کی بنیاد اپنے اعلیٰ علمی قد کاٹھ کے مطابق بڑے عظیم الشان طریقے سے رکھی - جہاں پر انھوں نے نامور اساتذہ کی ایک کہکشاں کے ساتھ یہاں علم و ادب پھیلایا وہاں پر انھوں نے اسلامیہ کالج لاہور سے لائبریری تک کے بیشتر نوادرات سمیٹ کر اسلامیہ کالج سول لائنز میں جمع کر لیے -

جونہی کالج کی علمی ، ادبی سرگرمیوں کا آغاز ہوا - انھوں نے مجلہ ''فاران'' کا آغاز کر دیا - یہ ان کا فیضان نظر تھا کہ اس مجلے کا علمی اور ادبی معیار ملک کے دوسرے رسالوں سے کسی طور کم نہ تھا - راقم نے اُستاد گرامی جناب ڈاکٹر وحید قریشی ، سیکرٹری بزمِ اقبال ، کے حکم پر ''فاران'' میں شائع شدہ اقبالیات پر مضامین کو ترتیب دیا ہے جن کو پڑھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہاں کے فاضل اساتذہ اور ان کے ہونہار طلباء نے علامہ اقبال سے متعلق متنوع موضوعات پر تحقیق اور اظہارِ خیال کیا ہے - بعض مضامین اپنے معیار کے اعتبار سے بہت ہی بلند پایہ ہیں ، لیکن چونکہ طلباء کی نگارشات بھی ان میں شامل ہیں ،

جن میں ایسی گہرائی تو نہیں جیسی اساتذہ اور دیگر علمی، ادبی شخصیات کی تحریروں میں ہے لیکن ان کا جذبہ شوق اور کاوش یقیناً قابلِ ستائش ہے ۔ راقم کو یقین ہے کہ قاری اس کتاب سے یقیناً مستفید ہوں گے ۔

اس مجموعے کی ترتیب کے دوران مجھے محمد عبداللہ قریشی اور محترم ڈاکٹر وحید قریشی کی مسلسل رہنمائی حاصل رہی ۔ اس کے علاوہ میرے رفیق کار علی جاوید نقوی ، جو اسلامیہ کالج سول لائنز کے ہونہار طالب علم رہے ہیں اور مجلہ ''فاران'' کے عملہ سے بھی وابستہ رہے ہیں ، نے بہت پُرخلوص محنت کی اور کالج کی لائبریری سے تمام مواد تلاش کرنے میں میری مدد کی ۔ ان کے علاوہ میرے دفتر کے اردو ٹائپسٹ جناب بشیر احمد نے بھی بہت قابلِ قدر خدمت انجام دی ۔ اس کے لیے میں ان سب حضرات کا ممنون ہوں ۔

لاہور — بیدار ملک

پروفیسر حمید احمد خان

اقبال کی لفظی تصویر

ہر بڑے آدمی کا نام ایک طلسم ہے جسے زبان پر لاتے ہی نظر کے سامنے ایک نیا جہان ابھرتا ہے۔

محمد اقبال! یہ نام پچھلی صدی تک کسی خاص مفہوم سے آشنا نہ تھا۔ ہزاروں دوسرے ناموں کی طرح یہ بھی ایک نام تھا۔ غیر متحرک اور منجمد جیسے زید اور بکر اور عمرو! آخرکار صدیوں کی بے سروسامانی کے بعد خود ہمارے عہد میں اس نام نے حیاتِ جاوید کا خلعت پہنا۔ اس کو زندہ کرنے کے لیے ایک مسیح آیا اور یہ نام علامت قرار پایا فلسفۂ زندگی کی ایک ہمہ گیر حرکت اور وسعت اور اضطراب کی۔ آنے والی نسلیں اس نام کے پیچھے صرف اسی حرکت اور وسعت اور اضطراب کی جھپٹ دیکھیں گی۔

لیکن موجودہ نسل جب اس نام کو سنتی ہے تو زندگی کے اس طوفان انگیز تخیل کے پیچھے اسے ایک پرسکون اور عزلت پسند انسانی پیکر کی تصویر نظر آتی ہے۔ محمد اقبال! پیغمبرِ امید، پیغمبرِ حیات، بے شک! مگر اس سے پہلے ہماری طرح ہنسنے بولنے والا، کھانے پینے والا ایک انسان! جب تک موجودہ نسل زندہ ہے یہ متحرک شبیہ اس کے تصور میں موجود رہے گی۔ لیکن اس نسل کے گزر جانے کے ساتھ عالمِ خیال کی یہ تصویر بھی گزر جائے گی۔

اقبال کے سراپا کی لفظی تصویر کھینچنا آسان نہیں۔ اگر انہیں کشیدہ قامت کہا جائے تو یہ کچھ مبالغہ سا معلوم ہوتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ہی انہیں میانہ قد کہنا صریحاً کوتاہی ہوگی۔ یہی حال ان کے

ڈیل ڈول کا تھا - ان کا جسم بھرا بھرا تھا ، مگر فربہی کے شبہ سے پاک - چنانچہ جب گرمی کے موسم میں باتیں کرتے کرتے پنڈلی پر سے کپڑا ہٹا دیتے تھے تو اہلِ مجلس کو تعجب سا ہوتا تھا کہ ان کی پنڈلیوں پر کچھ زائد گوشت کیوں نظر نہیں آتا - یہ اس لیے کہ ان کے پُر رعب چہرے کا لحاظ کر کے دیکھنے والا قدرتی طور پر زیادہ پُرگوشت اور بھری ہوئی پنڈلیوں کی توقع رکھتا تھا - ان کا رنگ گورا تھا جس میں سرخی کی جھلک آخری دنوں تک قائم رہی - مرض کی حالت سے قطع نظر ان کے چہرے کی سرخی روشنی اور دھوپ میں خاص طور پر نمایاں ہو جاتی تھی - یہ گویا ان کے اس کشمیری خون کا اثر تھا جو ان کے شفاف خدوخال سے چھپائے نہیں چھپتا تھا -

اقبال اپنے سر کے بال سنوارنے میں صرف یہ کرتے تھے کہ انھیں کنگھی سے سلجھا کر پیچھے ہٹا دیتے تھے - کم از کم میں نے ان کے بالوں میں کبھی مانگ نہیں دیکھی - باتیں کرتے ہوئے کبھی کبھی اپنا ہاتھ اسی انداز سے بالوں پر پھیر لیا کرتے تھے - پیشانی اگرچہ کشادہ تھی مگر جہاں سر کے بال شروع ہوتے تھے وہاں کچھ تنگ تنگ بلکہ ایک گوشہ بناتی ہوئی معلوم ہوتی تھی - ابرو بہت گھنے تھے اور اس لیے کچھ گھنے معلوم ہوتے تھے کہ ان کے نیچے آنکھیں گہری بلکہ ذرا اندر کو دبی ہوئی معلوم ہوتی تھیں - ان کی آنکھیں بڑی نہ تھیں مگر گہری اور ذہین آنکھیں ضرور تھیں - جن کے اوپر گھنے ابروؤں کے چھجے جھکے ہوئے تھے - گفتگو کرتے وقت ان کی صرف دائیں آنکھ کھلی رہتی تھی - دوسری آنکھ کو نادانستہ طور پر ذرا بند کرتے رہتے تھے - دراصل ان کی یہ آنکھ بینائی سے بالکل محروم تھی -

اقبال داڑھی عمر بھر منڈاتے رہے - لیکن مونچھیں رکھتے تھے - مونچھیں رکھنے کے بھی کئی فیشن ہیں - ہماری سوسائٹی میں بعض حضرات صرف اپنی ''زور دار'' مونچھوں کے دم خم سے پہچانے جاتے ہیں - اقبال کا تعلق اس گروہ سے نہیں تھا ، ان کی مونچھیں ذرا چھدری تھیں اور خاموش - مگر اس خاموشی کے باوجود جان دار معلوم ہوتی تھیں - یوں سمجھ لیجئے کہ اقبال کی مونچھوں میں اگر قیصر ولیم کی اکڑ نہیں تھی تو چیمبرلین کی مونچھوں کا عجز و انکسار بھی نہ تھا -

یہ ایک دلچسپ سوال ہے کہ جو لوگ اقبال کے پاس بیٹھتے تھے ان پر اقبال کی شخصیت کا مجموعی طور پر کیا اثر ہوتا تھا ؟ ہم اپنی جان پہچان کے لوگوں میں سے ہر ایک کے ساتھ بالعموم ایک نہ ایک ایسی خصوصیت منسوب کر دیتے ہیں جو ہمارے نزدیک اس کی شخصیت کی امتیازی نشانی بن جاتی ہے ۔ اگر ایک شخص بالطبع خاموش ہے تو دوسرا باتونی ہے ۔ ایک کا کام دن رات ہنسی ، دل لگی ہے ، دوسرا ذرا سی بات پر مشتعل ہو کر آپے سے باہر ہو جاتا ہے ، غرض کوئی نہ کوئی نمایاں صفت ایسی ہوتی ہے جسے ہم اس کی شخصیت قرار دیتے ہیں ۔ اقبال کو میں نے بارہا ہنستے دیکھا ہے اور کبھی کبھی غصے کی حالت میں بھی ۔ لیکن ان کی شخصیت کا محور نہ ہنسی تھی اور نہ غصہ ۔ انسان پر بہت سی ذہنی اور جسمانی کیفیتیں طاری ہوتی ہیں ۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ اقبال کی زندگی میں غور و فکر کو جو مرکزی حیثیت حاصل تھی وہ کسی اور کیفیت کو کبھی حاصل نہیں ہوئی ۔ خاموشی اور گفتگو ، سکون اور اشتعال ہر رنگ میں ان کی اصل حیثیت ایک مفکر کی تھی ۔ یہ ناممکن تھا کہ کوئی شخص تھوڑی دیر ان کے پاس بیٹھے اور یہ محسوس نہ کرے کہ اقبال کی پوری ہستی کی بنیاد غورِ و فکر پر قائم ہے ۔ گفتگو میں ذرا وقفہ آیا اور اقبال کا ذہن ایک جست میں کائنات کی حدوں کو عبور کر کے وہاں جا پہنچا جہاں ہمارا شور و شغب قدرت کے سرمدی سکوت میں گم ہو جاتا ہے ۔ اس وقت دیکھنے والے کو صرف ایک نظر بتا دیتی کہ یہ اپنے آپ میں سمٹا ہوا انسان سیاسی پلیٹ فارم کی تقریر شرر بار اور منبر کے وعظ ستم اندوز کے لیے پیدا نہیں ہوا ۔ اس وقت اس کا پیکرِ خاک اسی عالمِ رنگ و بو میں موجود ہوتا ، لیکن اس کی روح ستاروں کے نور سے اُلجھتی ہوئی ، پاتال کے اندھیرے سے ٹکراتی ہوئی ، کسی نئی دنیا میں جا نکلتی ۔

مگر اقبال کی اس حیاتِ فکری کا ایک پہلو اور بھی تھا ۔ اپنے ذہن کی اسی کیفیت کی وجہ سے اقبال عام انسانی تعلقات سے بے نیاز تھے ، اپنے ملنے والوں سے ان کا تعلق معاشرتی تعلق نہیں تھا ، فلسفیانہ تھا ۔ میں برسوں ان کی خدمت میں حاضر ہوتا رہا لیکن مجھے پورے عجز کے ساتھ اعتراف ہے کہ انہیں مجھ سے کوئی ذاتی تعلق نہیں تھا ۔ میں تو خیر ایک

عقیدت مند کی حیثیت سے ان کے پاس جاتا تھا ان کے مقربین بھی ان کے دلی تعلق سے غالباً محروم تھے۔ جب اقبال خلوص اور گرمجوشی سے بات کرتے تھے تو اس لیے نہیں کہ ان کا مخاطب ان کے اس اخلاص کا مستحق ہوتا بلکہ اس لیے کہ وہ تمام جوش اور خلوص انھیں اپنے اس خیال کے متعلق محسوس ہوتا جس کے اظہار سے انھیں غرض ہوتی۔ جن لوگوں سے اقبال بے تکلف تھے وہ لوگ بھی روحانی طور پر ان کے لیے اشخاص نہیں تھے بلکہ محض کھونٹیاں جن پر مختلف قسم کے خیالات بالکل مناسب طور پر لٹکائے جا سکتے تھے۔ اقبال اس معاملے میں ہمیشہ تنہا اور آزاد رہے۔ روح کی اس تنہائی کے باوجود اقبال کو ایک مختصر حلقے کی گفتگو اور وہاں اپنے خیالات کے اظہار میں خاص لطف آتا تھا، وہ خود بھی خاموش رہ کر دوسروں کی بات سن سکتے تھے اور انھیں باتونی کہنا تو کسی طرح بھی درست نہ ہوگا لیکن مختلف سوالات کے جواب میں اپنی تشریحات پیش کرتے ہوئے جو لذت انھیں ملتی تھی وہ ہر شخص پر ظاہر تھی۔ دراصل ان کی فطرت مشرق وضع کے پرانے اُستاد کی فطرت تھی جس کا محبوب ترین مشغلہ اپنے شاگردوں کے درمیان بیٹھ کر بات بات میں نکتے پیدا کرنا تھا۔

آج وہ شمع خاموش ہے اور وہ محفل بھی باقی نہیں رہی لیکن ہمارا تخیل اس مٹتی ہوئی تصویر کو ایک بار پھر زندہ کر سکتا ہے۔ آئیے پھر ایک مرتبہ ڈاکٹر اقبال سے ملنے چلیں۔ میکلوڈ روڈ سے مڑتے ہی ڈاکٹر صاحب اپنی کوٹھی کے برآمدہ میں آرام کرسی پر بے تکلفی سے بیٹھے نظر آتے ہیں، اگر سردی کا موسم ہے تو ڈاکٹر صاحب قمیض اور شلوار میں ملبوس ایک بادامی دھسہ اوڑھے ہوئے ہیں۔ اگر گرمی ہے تو قمیض کے ساتھ ایک دھوتی ہے اور قمیض کی بجائے کئی مرتبہ صرف بنیان ہی ہے۔ آرام کرسی پر ٹانگیں سمیٹ کر بیٹھے ہیں اور کبھی کبھی اپنے پاؤں کے بے حد سفید تلوے کو سہلا لیتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کی آرام کرسی کے ساتھ ہی حقہ پڑا ہے۔ چلم بجھ جاتی ہے تو ایک ایسے انداز میں جو کبھی نہیں بدلا، آواز دیتے ہیں ''علی بخش''! اتنے میں ہم برآمدے کی سیڑھیاں چڑھتے ہیں اور سلام کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب تھوڑی دیر کے لیے ادھر توجہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں: ''آؤ جی — صاحب!'' جس شخص کو اچھی

طرح پہچانتے ہیں، اس کا خیر مقدم اسی مختصر جملے سے کرتے ہیں - جس کو نہیں پہچانتے اس کے متعلق کبھی نہیں پوچھتے کہ یہ کون ہے - ناواقفوں کے لیے یہی کافی ہے کہ سلام کریں اور بیٹھ جائیں - اس کے بعد تکلف برطرف وہ ڈاکٹر صاحب کی گفتگو میں پوری آزادی سے شامل ہو جاتے ہیں -

اب باتیں شروع ہوتی ہیں اور علم و حکمت کا چشمہ آبلنے لگتا ہے - ڈاکٹر صاحب کے دماغ میں ہر رنگ کی موج آٹھتی ہے اور اجنبی چہروں کا سامنا بھی ان کی گفتگو کی بے باک روانی کو کسی زنجیر کا پابند نہیں کرسکتا - ان کی تشریحات آستادانہ ہیں - وہ سوالات کا جواب دینے سے تھکتے نہیں بلکہ ایک ایک نکتہ کھول کھول کر بیان کرتے ہیں - کچھ سمجھاتے ہیں تو ہاتھ کی صرف ایک انگلی ہی نہیں اٹھاتے بلکہ داہنے ہاتھ کا پورا پنجہ حرکت میں آتا ہے - گفتگو ہمیشہ پنجابی میں ہوتی ہے - کبھی کسی علمی نکتے کے بیان میں انگریزی کے دو ایک جملے بھی بے تکلف استعمال کر جاتے ہیں - اردو میں صرف اس وقت بات چیت کرتے ہیں، جب بیرونِ پنجاب سے کوئی صاحب شریکِ مجلس ہوں - مذہب اور سیاست دو ایسے مضمون ہیں جن سے بحث کرتے ہوئے کبھی کبھی ان کا لہجہ پُرجوش ہو جاتا ہے - جوں ہی کوئی ایسا موقع آتا ہے ڈاکٹر صاحب کرسی پر ذرا سیدھے ہو بیٹھتے ہیں - یہ میکلوڈ روڈ کے دنوں کی کیفیت ہے - میو روڈ کی کوٹھی کے زمانے میں امراض نے آ گھیرا ہے، بستر پر لیٹے رہتے ہیں اور ملاقاتیوں کو خواب گاہ ہی میں بلا لیتے ہیں - اسی حالت میں گھنٹوں تک پُرلطف باتیں ہوتی ہیں - لیکن جوں ہی گفتگو میں ذرا گرمی پیدا ہوئی، ڈاکٹر صاحب ایک دم اٹھ کر بستر پر بیٹھ گئے اور پھر اس وقت تک نہیں لیٹے جب تک وہ بات ختم نہیں ہو گئی -

اب ہمیں ان کے پاس بیٹھے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ ہو گیا ہے، ہمارے سوالات ختم ہو چکے ہیں اور ڈاکٹر صاحب کا ذہن بھی ایک اور پرواز کے لیے ذرا دم لیتا ہے، دونوں طرف خاموشی طاری ہو جاتی ہے - اس وقت ڈاکٹر صاحب ایک اور ہی عالم میں ہیں، وہ کمرے میں موجود ہیں، مگر پھر بھی موجود نہیں ہیں - ان کی ظاہر کی آنکھیں کچھ بند کچھ کھلی ہیں - لیکن باطن کی آنکھ کسی اور سمت میں سراپا نگاہ ہو رہی ہے -

اسی کیفیت میں کچھ وقت گزر جاتا ہے ۔ ان کے خیالات کی موجیں انھیں کہاں سے کہاں لے جاتی ہیں ۔ آخر کار حواسِ ظاہری کا دید بان دفعتاً واپسی کا اشارہ کرتا ہے اور ان کا سفینۂ خیال گہرے سمندروں کے سفر کے بعد پھر زندگی کے پرانے ساحلوں کی طرف رخ پھیرتا ہے ۔ اس وقت وہ اپنا سر ذرا اوپر کو اٹھاتے ہیں اور ان کے منہ سے کبھی ''یا اللہ'' ! اور کبھی فقط ''ہوں !'' کی ہلکی سی آواز نکلتی ہے ۔ یہ آواز اس بات کی علامت ہے کہ جہاز ساحل پر آ پہنچا اور اس کے لنگر کا قلابہ پھر ایک بار عالم اسباب کی مضبوط زمین میں پیوست ہو گیا ۔ اس قسم کے وقفوں کے بعد بالعموم ان کی یہی لمبی اور پرسکون ''ہوں !'' ان کے ذہن کی دور و دراز اڑان سے ان کی بازگشت کی نقیب ہوتی ہے ۔ پھر اسی پہلے انہاک سے باتیں شروع ہو جاتی ہیں ۔ تاآنکہ سہ پہر کے سائے ڈھل کر شام میں غائب ہونے لگتے ہیں اور سورج غروب ہو جاتا ہے ۔ آخر ہم اپنی کرسیوں پر ایک بے معنی سی جنبش کرتے ہیں اور پھر اٹھ کر اجازت چاہتے ہیں ۔ ڈاکٹر صاحب کہتے ہیں ''اچھا چلتے ہیں آپ ؟'' اور پھر ہمارے سلام کا جواب ہاتھ اٹھا کر دیتے ہیں ۔ یہ ان کا ہمیشہ کا معمول تھا ۔

ڈاکٹر صاحب نے جب رحلت کی تو اہلِ لاہور کو جو ہر وقت ان سے شرف ملاقات حاصل کر سکتے تھے ایک ایسا شخصی نقصان پہنچا جس کی تلافی خود ڈاکٹر صاحب کا کلام بھی نہیں کر سکتا تھا ۔ ان کے انتقال کے موقع پر میں اتفاق سے لاہور میں موجود نہیں تھا ۔ میرے ایک دوست[۱] نے جن کے ساتھ مل کر میں بارہا ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا مجھے ایک خط لکھا جس میں لاہور کی زبان بن کر انھوں نے وہ جذبات قلمبند کر دیے جو بہت سے دلوں کو بے تاب کر رہے تھے ، مگر لب تک نہیں آ سکے تھے ۔ انھوں نے لکھا :

''ڈاکٹر اقبال چل بسے ، افسوس کہ ہمیں آخری دنوں میں ان کا دیدار حاصل نہ ہو سکا ۔ یہ حسرت ہمیشہ میرے دل میں رہے گی ۔

۱۔ پروفیسر عبدالواحد ایم ۔ اے ، سابق لیکچرار ، اسلامیہ کالج ، لاہور ۔

لوگ کہتے ہیں کہ اقبال مرا نہیں ۔ کیوں کہ اس کا کلام اسے زندہ جاوید بنانے کے لیے کافی ہے لیکن میں اس سے متفق نہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اقبال کے کلام میں اس کی مکمل شخصیت دکھائی نہیں دیتی ۔ اس کی نظم تو انسانی زندگی کی اعلیٰ ترین قدور سے موزوں (یعنی پُر معنی اور متین) زبان میں بحث کرتی ہے ۔ لیکن خود اقبال کی شخصیت کا ایک اور دلچسپ پہلو بھی تھا یعنی اس کی خوش کلامی جو بعض دفعہ بذلہ سنجی سے جا ملتی تھی ۔ اس کی نظم میں تو اس کا تخیل عرش بریں کو اپنی بلند پروازی کی پہلی سیڑھی سمجھتا ہے ۔ لیکن کیا ہم نے اس کو اپنی زندگی میں بے علموں اور وہم پرستوں سے انھیں کی سطح پر نہایت انہاک سے بحثیں کرتے ہوئے نہیں دیکھا ؟ اس کے کلام سے مجھے اندازہ ہوتا ہے کہ اس ''دانائے راز'' سے ہم سخن ہونا مجھ جیسے ہیچمدان کے بس کی بات نہ تھی ۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ میں نے گھنٹوں اس کی صحبت میں بصیرت افروز باتیں سنتے ہوئے گزار دیے ۔ مگر اللہ کے بندے نے کبھی ایک دفعہ بھی اشارے یا کنائے سے یہ جتانے کی کوشش نہ کی کہ تمھاری تنگ نظری وبالِ جان ہو رہی ہے ۔ اب ختم بھی کرو ۔ الغرض وہ اقبال جو لوگوں سے گویا پکار پکار کر کہتا تھا کہ آؤ میرے علم و فضل کے خزانے کھلے پڑے ہیں جھولیاں بھر بھر کر لے جاؤ ، مر گیا ہے ۔ اقبال کا کلام برحق ، لیکن ہم اپنے بظاہر لاینحل مسئلوں کو اب کس کے پاس لے جائیں گے تا کہ وہ ایک جنبشِ لب سے مشکل گتھی کو سلجھا دے ۔ یہ اقبال مر گیا ہے ۔ افسوس !''

☆ ☆ ☆

توقیر سلیم خان

اقبال - غزل سے فلسفہ تک

"کسے خبر تھی کہ غالب مرحوم کے بعد ہندوستان میں پھر کوئی ایسا شخص پیدا ہوگا جو اردو شاعری کے جسم میں ایک نئی روح پھونک دے گا اور جس کی بدولت غالب کا بے نظیر تخیل اور نرالا انداز بیان پھر وجود میں آئیں گے اور ادب اردو کے فروغ کا باعث ہوں گے۔ مگر زبان اردو کی خوش اقبالی دیکھیے کہ اس زمانے میں اقبال سا شاعر اسے نصیب ہوا۔ جس سے اس کے کلام کا سکہ ہندوستان بھر کی اردو داں دنیا کے دلوں میں بیٹھا ہوا ہے اور جس کی شہرت روم و ایران بلکہ فرنگستان تک پہنچ چکی ہے۔"

مندرجہ بالا اقتباس حکیم الامت، ترجمان حقیقت، شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال کے سب سے پہلے مجموعۂ کلام "بانگ درا" کے دیباچہ سے ماخوذ ہے۔ مزید لکھا گیا ہے کہ اردو اور فارسی شاعری کی جس قدر غالب نے آب یاری کی، وہی روح اقبال کے جسد خاکی نے پائی اور یوں پنجاب کے ایک گوشہ، جسے سیالکوٹ کہتے ہیں، وہاں پر ایک مرد قلندر اقبال پیدا ہوا۔

یہ تعریفی کلمات اس دور کے ہیں، جب اقبال نے باذوق قارئین کو چند جواہر پارے دکھائے۔ انھوں نے ان جواہر پاروں کو اس دور کے سب سے عظیم اور اپنے فن میں یکتا و بے مثل شاعر مرزا اسد اللہ خاں غالب کے جواہر پاروں کی کسوٹی پر پرکھا مگر حیرت سی حیرت کہ لوگ جسے کسوٹی پر پرکھ رہے تھے وہ خود کسوٹی تھی۔

تاہم یہاں پر نہ تو اقبال اور غالب میں موازنہ مقصود ہے، اور نہ ہی یہ کہ اقبال کے بچپن، جوانی یا وقت پیری کے حالات بیان کیے جائیں۔

یہاں ہم سب سے پہلے اس سوال کا جواب تلاش کریں گے کہ اقبال نے شاعری میں کون کون سی ارتقائی منزلیں سر کیں ؟ دوئم یہ کہ اقبال فلسفی تھے یا شاعر یا اُنھوں نے اپنے فلسفے کی خاطر شاعری کی ؟ سوئم یہ کہ کیا آپ کا نظریۂ خودی جو تمام اُردو فارسی کلام میں چھایا ہوا نظر آتا ہے ، آپ کو شاعری کے میدان میں لے آیا ؟ چہارم یہ کہ کیا اقبال نے غزل کے اندر انداز تغزل کو قائم رکھا یا اُس میں نظم کے مطالب و مضامین لایا ؟

اس کے بعد یہ کہ کیا اقبال نے حکمائے فرنگ کے افکار و نظریات کو تسلیم کیا ؟ کیا اُنھوں نے مغربی فلسفہ کو اپنایا یا اپنے لیے ایک الگ راہ متعین کی ؟ اس کے علاوہ اقبال کا فلسفۂ غم ، اقبال کا تصورِ خودی ، علم و حکمت ، یہ حقائق و معارف کی ترجمانی ، سیاست و معشیت کے مضامین ہیں جو اپنے اندر ایک علیحدہ حیثیت رکھتے ہیں ۔

یہ سوال جن کا اُوپر ذکر کیا گیا ہے ، ان کے جواب کے لیے بہت تفصیل درکار ہے ، اور ان پر کئی کتابیں بھی لکھی جا چکی ہیں اور لکھی جا سکتی ہیں ۔ مگر ہم یہاں پر صرف ایک سرسری نظر سے ان کا مطالعہ کریں گے ۔

حضرت علامہ اقبال کے دور میں جن شعراء کو اُردو شاعری میں منصبِ عالی نصیب ہوا ، اُن میں انیس ، غالب ، اکبر اور حالی کے نام قابلِ ذکر ہیں ۔ اس کے بعد داغ ہیں ، جن سے اقبال نے اپنی شاعری کے ابتدائی دنوں میں اصلاح بھی لی ۔

جہاں تک ان سب شعراء حضرات کا تعلق اقبال سے ہے وہ یہ ہے کہ اقبال پر ان شعراء کا اثر شروع شروع میں رہا ۔ اس طرح اقبال نے اپنی نو مشقی اور تقلید کے دور سے گزر کر اپنے لیے ایک الگ اور جدا راستہ نکالا جو اُنھیں ایسی منزل پر لے جاتا تھا ، جس کا کوئی شریک نہیں ۔ آج زمانے میں جو عزت اقبال کو نصیب ہے وہ ان شعراء حضرات کو نصیب نہ ہوئی ۔ اس کے باوجود اقبال نے سدا اپنے پیش رووں کی بڑائی کا اعتراف کیا ۔ یہی علامہ کی بڑائی کی دلیل ہے ۔

دنیا میں ہمیشہ سے یہی دیکھا گیا ہے کہ کم ظرف اور تہی مغز لوگ اپنی ثنا آپ کرتے ہیں ، اور دوسری طرف اوروں کی بڑائی کو تسلیم کرتے ہوئے جھجھکتے ہیں ۔ اوچھے لوگ اپنے محسنوں کو بھلا دیتے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال نے اپنے پیش روؤں غالب ، داغ ، حالی اور فارسی کے بڑے بڑے شعراء کی بڑائی کو مانا اور اُن کی تعریف کی ہے ۔ اس تعریف میں ایسے شاعر بے شمار ہیں ، جن کی کتابوں سے اقبال نے فیض حاصل کیا ۔ مثلاً حضرت رومی ، شیخ سعدی وغیرہ ۔ اقبال نے اسی پر بس نہیں کی بلکہ تعصب سے قطع نظر انگریز اور ہندو شعرا کی تعریف میں نظمیں کہیں ۔

بہرحال جن دنوں اقبال نے شاعری شروع کی اُن دنوں اکبر ، حالی اور داغ کا خاص کر چرچا تھا ۔ اقبال کو اپنی شاعرانہ صلاحیت کا احساس ہوا تو آپ نے اُردو کے تمام ہونہار شاعروں کی طرح پہلے پہل غزل گوئی سے شاعری کی ابتداء کی ۔ ابتداء میں داغ سے اصلاح لی ۔ خط و کتابت کے ذریعے یہ سلسلہ جاری رہا ۔ آخر کو داغ نے سیر چشمی سے کام لے کر ہمت بندھائی اور لکھا کہ تمھیں اب اصلاح کی ضرورت نہیں ۔ جو جوہرِ قابل ہو وہ اپنی حیثیت خود منوا لیتا ہے ۔ آخر کار ایسا ہی ہوا ۔

اُس وقت اقبال بی ۔ اے میں پڑھتے تھے ۔ لاہور میں ایک خاص مشاعرہ منعقد ہوا ۔ جس کی صدارت میر گورگانی نے کی ۔ اس میں اقبال نے اپنے چند دوستوں کے مجبور کرنے پر اپنی غزل کا یہ شعر سنایا :

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

یہ شعر سن کر حاضرین خاص کر میر مشاعرہ پھڑک اُٹھے ۔ یہ شعر اس بات کا آئینہ دار تھا کہ کہنے والا مستقبل میں ایک بڑا شاعر ثابت ہو گا اسے اپنے آپ پر کس قدر بھروسہ ہے ۔ اس شعر کی وضاحت مندرجہ بالا شعر کے مقطع سے اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے :

اقبال کو لکھنؤ سے نہ دہلی سے ہے غرض
ہم تو اسیر ہیں خمِ زلفِ کمال کے

یہ پیمبرانہ الفاظ جو ایک فیضانی کیفیت میں اقبال کی زبان سے نکلے اُس وقت کے سننے والوں کے نزدیک محض شاعرانہ بڑ اور چرب زبانی کے مصداق ہوں گے ۔ لیکن یہ وہ اقبال تھا جس کی شہرت ہندوستان سے باہر دور دور تک پھیل گئی اور یہ ثابت کر دکھایا کہ زبان دانی کا علم ہر کوئی ہر کہیں حاصل کر سکتا ہے ۔

اقبال نے جس دور میں شاعری کی ابتداء کی اُس وقت ہندوستان کی سیاسی فضا قومیت اور آزادی کے فلک شگاف نعروں سے گونج رہی تھی ۔ مسلمان ابھی تک خوابِ غفلت سے بیدار نہ ہوئے تھے ۔ قریب تھا کہ ہندو اور انگریز سامراج انھیں نگل لیتے ۔ سرسید کی پُرخلوص کوششیں رنگ لائیں ۔ حالی کی نوحہ خوانی نے کچھ رنگ دکھایا ۔ لیکن ابھی تک روح کو تڑپانے والی اور قلب کو گرمانے والی آواز فضا میں پیدا نہ ہوئی تھی ۔ بہرحال اس سیاسی تذبذب اور انتشار کے دور میں اقبال نے جن نظموں سے اپنی قوم کو جھنجھوڑا ، ان میں ۱۹۰۵ء تک کی نظمیں خاص کر قابلِ ذکر ہیں ۔ جن میں زیادہ تر وطنیت کے آثار ملتے ہیں ۔ غرض کہ ہندوستان اقبال کی والہانہ تانوں سے گونج اٹھا ۔

بانگِ درا کے پہلے اور دوسرے دور میں اقبال ابھی سراپا تجسس تھے ۔ اقبال کی ذہنی کیفیت بے چینی اور تلاش کا پتہ دیتی تھی ، اور یوں معلوم ہوتا تھا کہ شاعر ابھی خودی کے اسرار سے واقف نہیں ہوا تھا جس کا ذکر آپ کی بعد کی شاعری میں نظر آتا ہے ۔ اس وقت آپ کی یہ تلاشِ گلِ رنگین شمع و پروانہ ، آفتاب ، بچہ اور شمع ، ماہِ نو ، جگنو ، کنارہ راوی ، موج دریا کی صورت میں دیکھی گئی ۔

اس ابتدائی دور ہی میں اقبال کے من میں تڑپ ناصبوری حسن و عشق ذوقِ آگہی کی موجیں موجزن تھیں ۔ اسی لگن اور جستجو کے تحت اقبال ایک اعلیٰ نصب العین کی خاطر یورپ کو سدھارے ۔ اس نصب العین کا اندازہ آپ اس نظم سے کر سکتے ہیں ، جو آپ نے یورپ جاتے وقت حضرت نظام الدین محبوب الٰہی کے آستانے پر حاضری دیتے ہوئے کہی

چمن کو چھوڑ کے نکلا ہوں مثلِ نکہتِ گل
ہوا ہے صبر کا منظور امتحاں مجھ کو

چلی ہے لے کے وطن کے نگار خانے سے
شرابِ علم کی لذت کشاں کشاں مجھ کو
نظر ہے ابر کرم پر درخت صحرا ہوں
کیا خدا نے نہ محتاج باغباں مجھ کو
فلک نشیں صفت مہر ہوں زمانے میں
تری دعا ہے عطا ہو وہ نردباں مجھ کو
مقام ہم سفروں سے ہو اس قدر آگے
کہ سمجھے منزلِ مقصود کارواں مجھ کو
پھر آ رکھوں قدمِ مادر و پدر پہ جبیں
کیا جنھوں نے محبت کا راز داں مجھ کو
شگفتہ ہو کے کلی دل کی پھول ہو جائے
یہ التجائے مسافر قبول ہو جائے

پہلے دور کی شاعری اس نظم پر ختم ہوتی ہے اور یہ دور اقبال کی یورپ کے لیے حصولِ تعلیم کے لیے روانگی پر ختم ہوتا ہے۔

دوسرے دور میں اقبال کی جگر سوزی اور بھی عمیق ہوتی چلی گئی۔ یہاں تک کہ ایک پیمبرانہ روپ اختیار کر گئی۔ آپ نے یورپ کے تین سالہ قیام میں یورپ کا جو رنگ ڈھنگ دیکھا اُس سے آپ کو بہت مایوسی ہوئی۔ یورپ والے مادیت میں اُلجھے ہوئے تھے۔ انسانی ہمدردی سے بیزار اور روحانی قدروں سے بےبہرہ تھے۔ نظامِ سرمایہ داری بڑی بے دردی سے غریبوں کا خون چوس رہا تھا۔ قومیں قوموں کے خلاف تھیں۔ جماعتیں جماعتوں کے خلاف تھیں اور ایک طبقہ دوسرے طبقے کے خلاف نبرد آزما تھا۔ جنگِ عظیم کے ہولناک سائے سروں پر منڈلا رہے تھے۔ یہ حالات دیکھ کر اقبال نے کہا:

تمھاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی
جو شاخِ نازک پہ آشیانہ بنے گا، ناپائیدار ہو گا

پھر وہ وقت بھی آیا کہ صرف قوم کو ہی اُن کے شعروں کی ضرورت نہ تھی بلکہ ملتِ اسلامیہ کو بھی ضرورت تھی، کیونکہ اُس وقت ملتِ اسلامیہ بھنور میں پھنسی ہوئی تھی۔ برِصغیر کی حالت بہت خراب

ہو رہی تھی - مسلمانانِ ہند پر تہذیب فرنگ غلبہ پا رہی تھی - چنانچہ علامہ نے مغربی تہذیب کے خلاف محاذ قائم کر لیا - جس میں انھوں نے مغربی تہذیب کے عیب چن چن کر گنوائے - بعد کے دور کا تمام کلام یورپ کے خلاف احتجاج اور نسلی قومیت اور فرنگی جمہوریت سے بیزاری کا منظر پیش کرتا ہے - یہی ان کی زندگی اور شاعری کا واحد موضوع بنا - جس کے اندر آپ نے خودی ، مردِ قلندر ، حسن و عشق کے سربستہ رازوں کو منکشف کیا اور یوں مسلمانوں کے دلوں میں ایک نئی روح پھونک دی -

آپ کے نزدیک شاعری کا یہ مقصد نہ تھا کہ لوگوں کو اپنی شاعری سے خود فراموشی اور بے بندگی میں مبتلا کریں - بلکہ آپ نے اگر تعقل پرستی کی مخالفت بھی کی تو صرف اس لیے کہ تعقل پرستی کے ہزاروں پہلو فکر و دانش کو چونکاتے ہیں مگر اضطراب روح کے لیے اس کے پاس کوئی تسکین دہ پیغام نہ تھا - تعقل پرستی خاص کر یورپ کی تعقل پرستی نے بہت کوشش کی کہ سادہ مسلمان اسلامی تعلیمات کو چھوڑ کر پرپیچ راہوں میں کھو جائیں مگر ایسا نہ ہو سکا - ایسے برے وقت میں اقبال نے مسلمانوں کو سہارا دیا :

ترے سینے میں دم ہے دل نہیں ہے
ترا دم گرمیٔ محفل نہیں ہے
گزر جا عقل سے آگے کہ یہ نور
چراغِ راہ ہے منزل نہیں ہے

اس طرح بات کچھ یوں سمجھ میں آتی ہے کہ اقبال نے فلسفہ اور مذہب کو دو متضاد چیزیں قرار نہیں دیا - آپ نے صرف اُس تعقل پرستی اور فلسفیانہ رنگ پر تنقید کی ہے جو فرنگی تہذیب سے لیا گیا تھا :

علاج آتش رومی کے سوز میں ہے ترا
تری خرد پہ ہے غالب فرنگیوں کا فسوں

اقبال یہ چاہتے تھے کہ اگر مسلمان مغربی فلسفہ میں اُلجھ کر رہ گئے تو دامنِ دین اُن کے ہاتھ سے چھوٹ جائے گا - جس سے ملتِ اسلامیہ

پارہ پارہ ہو جائے گی:

اپنی ملت پر قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسول ہاشمی

"وارداتِ باطن کی کوئی بھی شکل ہو ہمیں بہرحال حق یہ پہنچتا ہے کہ عقل اور فکر سے کام لیتے ہوئے اس پر آزادی کے ساتھ تنقید کریں۔"

آپ نے تفکرِ اسلامی پر زور دیا اور فرمایا کہ

"میرا عقیدہ یہ ہے کہ جو شخص اس وقت قرآنی نقطۂ نگاہ سے زمانۂ حال پر ایک تنقیدی نگاہ ڈال کر احکام قرانیہ کی ابدیت کو ثابت کرے گا وہی اسلام کا مجدد اور بنی نوع کا خادم کہلوائے گا۔"

اقبال کے نظریۂ خودی کو لیجیے ہمیں سب سے پہلے یہ دیکھنا ہے کہ خودی ہے کیا؟ اس کا تصور کیا ہے اور اس کی تکمیل کس مرحلے پر ہوتی ہے؟ پھر یہ کہ خودی کو بیان کرنے کے لیے کیا شاعرانہ مزاج ضروری ہے؟

خودی ذوقِ نمود کا ایک جذبہ ہے جو کائنات کی ہر جاندار شے میں موجود ہے۔ گلاب کا پھول شبنم کے قطرے سے پوچھتا ہے کہ تو کون ہے؟ میں کون ہوں؟ میری شاخ پر کون نغمہ سرا ہے؟ مقصود نوا کون ہے؟ مطلوب صبا کیا ہے؟

خودی نام ہے اپنے آپ کو پہچاننے کا۔ اپنی عظمت کو جاننے کا۔ جب ہم کہتے ہیں کہ حیات خودی سے عبارت ہے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ شعورِ ذات کا وہ احساس جسے "انا" یا "میں" سے تعبیر کیا جاتا ہے، اور جس نے ہر کس خود اور "غیر خود" کی تفریق پیدا کرتے ہوئے اپنی الگ اور جداگانہ ہستی قائم کر رکھی ہے، فریب و واہمہ نہیں اس کا اصل وجود محض خودی ہے۔ باقی سب اس کے مظہر ہیں۔ یہ کائنات اس کی مظہر، یہ آسمان اس کا مظہر ہے۔ حیات کی اصل خودی سے ہی ہے۔

"من" کی تخلیق بھی خودی کی طرف لے جاتی ہے۔ ان میں یہ خودی کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔ ان کی زندگی سراپا جدوجہد ہو جاتی ہے۔ باالفاظ دیگر اس کا ایک میدان بن جاتا ہے۔ جس کے اندر ساری کائنات اور خدا کی ذات بھی آ جاتی ہے۔

یا پھر یوں کہہ لیجیے "خودی نام ہے خود آگہی سے خدا آگہی تک کا" اس کے بعد اس کے تین مرحلے آتے ہیں۔ نور، حیا اور عشق۔

ان کی تشریح یوں کی جا سکتی ہے کہ نور انسان کے اندر موجزن ہوتا ہے، جس سے اس کے دل کا ہر گوشہ منور ہوتا ہے، مگر وہ اس کو آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ حیا وہ خوف ہے جو صرف خدا سے ہے۔ اس سے تمام دنیاوی خوف مٹ جاتے ہیں۔ وہ دنیاوی حادثوں سے آزاد ہو جاتا ہے۔ خودی کی تخلیق سے اس کا احساس بڑھ جاتا ہے۔ اس کے بعد آخری اور سب سے لازوال خودی کی منزل آتی ہے جسے عشق کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اسے ہم قرآنی رو سے ایمان بھی کہتے ہیں۔ عشق خطرات سے بے خبر اپنی خودی کی تکمیل کرتا رہتا ہے۔ حقیقت میں عشق جہاد کا نام ہے جو شر کی طاقتوں کے خلاف ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ خودی اس وقت مکمل ہوتی ہے جب انسان کو خدا کے وجود پر یقین ہو جاتا ہے۔ یہ یقین ہی اسے واپس پھر اسی سے ملا دیتا ہے جس کا وہ حصہ ہے۔ وہ لا الہ الا اللہ پر حقیقی ایمان لے آتا ہے یہی ایمان اس کی خودی کو تیز کرتا ہے:

خودی کا سر نہاں لا الہ الا اللہ
خودی ہے تیغ فساں لا الہ الا اللہ

خودی کو قائم رکھنے کے لیے بے شمار پہلوؤں پر نظر رکھنی پڑتی ہے جن میں اطاعت ضبط نفس اور نیابت الٰہی ہیں۔ جب انسان کسی نظام کی مکمل اطاعت قبول کر لیتا ہے۔ اس کے لیے ہر قربانی کو تیار ہو جاتا ہے اور نیابتِ الٰہی کا حق دار بن جاتا ہے۔ جب خودی کی نشو و نما اس حد تک آ جائے کہ ہر تقدیر اس کے اپنے ہاتھوں میں ہو

تو یہ خودی کی انتہا ہے :

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

تو اس وقت انسان مردِ مومن کا درجہ حاصل کر لیتا ہے جو اقبال کا پیرو ہے ۔ جس قوم کے افراد نے خودی کو نہ جانا وہ ذلیل و خوار ہوئے :

ہوئی ہے زیرِ فلک امتوں کی رسوائی
خودی سے جب ادب و دیں ہوئے ہیں بیگانہ

اب سوال یہ ہے کہ کیا اقبال نے غزل میں نظم گوئی کی ؟ سچی بات تو یہ ہے کہ اقبال بنیادی طور پر غزل کا شاعر نہ تھا ۔ بات کچھ یوں سمجھ میں آتی ہے کہ جس فلسفہ کا ذکر اقبال نے اپنے شعروں میں کیا وہ بہت مشکل اور دقیق ہے ۔ مگر اقبال کے شاعرانہ مزاج نے اس فلسفہ کو غزل میں بڑی خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا ۔ غزل جس انتشارِ فکر کی حامل ہے ، وہ بات نظم کے اندر بالکل نہیں پائی جاتی ۔ اقبال نے یہی کمال کیا کہ غزل گوئی میں نظم گوئی کی ۔ جس سے ایک بالکل الگ اور جدا گانہ حیثیت اقبال نے مستحکم کر لی ۔ یہ بات قابلِ تعریف اور موجبِ حیرت بھی ہے ۔ اس لیے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بالِ جبریل کی تمام غزلیں مسلسل غزلیں ہیں ، اور لطف کی بات یہ ہے کہ انہیں پڑھ کر کوئی الجھاؤ محسوس نہیں ہوتا جیسا کہ پہلے شعراء کی مسلسل غزل میں پایا جاتا تھا ۔ جہاں تک اقبال کے غزل کے لب و لہجہ اور صوتی آہنگ کا تعلق ہے تو وہ بھی نظم کے مزاج کا عکس ہے ۔ اقبال نے عربی فلسفہ اور فارسی کے ساتھ قرآنِ کریم کا جو گہرا مطالعہ کیا ، اس کا رنگ اقبال کی شاعری میں بہت زیادہ پایا جاتا ہے ۔ مسلم شخصیت کے حوالوں اور تلمیحات سے آپ کے کلام میں اور بھی خوبصورتی اور نکھار پیدا ہو گیا ۔ یہی بات اقبال کو دیگر شعراء سے ممتاز بھی کرتی ہے ۔ اگر ہمیں اقبال کے بیان اور خوش نما تراکیب کا موازنہ کسی دوسرے شاعر سے کرنا ہو تو ماسوا مرزا غالب کے کوئی نظر نہیں آتا ، جس نے اس لب و لہجہ میں غزل گوئی کی ۔

اگر ہم اقبال کی غزل کا مطالعہ کرنا چاہیں تو ہمیں دیگر شعرا حضرات کے تناظر سے جدا کر کے دیکھنا ہو گا ، اور صرف اسی صورت میں ہمیں اقبال کی غزل جس میں نظم کا رنگ چھایا ہوا ہے ، سود مند ثابت ہو گی - آپ اس غزل سے اقبال اور اُس کے پیش رووٴں میں فرق محسوس کر سکتے ہیں :

اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا ؟
مجھے فکر جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہے یا میرا ؟
اگر ہنگامہ ہائے شوق سے ہے لا مکاں خالی
خطا کس کی ہے یا رب لا مکاں تیرا ہے یا میرا ؟
اُسے صبح ازل انکار کی جرأت ہوئی کیوں کر
مجھے معلوم کیا ! وہ راز داں تیرا ہے یا میرا ؟
محمدؐ بھی ترا جبریل بھی قرآن بھی تیرا
مگر یہ حرفِ شیریں ترجماں تیرا ہے یا میرا ؟
اسی کوکب کی تابانی سے ہے تیرا جہاں روشن
زوالِ آدمِ خاکی زیاں تیرا ہے یا میرا ؟

اقبال پر بعض زبان کے رسیا حضرات نے یہ بھی اعتراض کیا ہے کہ اقبال کی غزل میں تغزل کی کمی ہے اُس میں نظم گوئی وغیرہ پائی جاتی ہے اس مسئلہ کو سید وقار عظیم مرحوم نے اس طرح سلجھایا :

”اقبال کی غزل میں کلاسیکی غزل کا تغزل نہیں بلکہ یہ اُس کا اپنا پیدا کردہ ہے - اس سے اُس کی غزل کی شان اور بھی بڑھ جاتی ہے - جس کو بعض حضرات غزل میں تغزل کا فقدان یا غزل میں نظم گوئی سے موسوم کرتے ہیں -“

اس سوال کا جواب تفصیل کا محتاج ہے کہ اقبال نے حکمائے فرنگ کے افکار و نظریات سے کوئی اثر قبول کیا یا نہیں ؟ کیا اُنھوں نے جدید فلسفہ کی پیروی کی جو حکمائے فرنگ نے پیش کیا ، یا اسلامی فلسفہ پر کاربند ہوئے ؟

یہاں پر صرف فلسفہ کے بارے میں اقبال کا ردِ عمل بتلا دینا ضروری ہے - آپ کے نزدیک فلسفہ کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں - آپ اس کی

آزادانہ نشو و نما کو تسلیم کرتے ہیں اور اس پر کوئی پابندی یا روک عائد نہیں کرتے ۔ مگر آپ فلسفہ کو ایک حد تک کارآمد خیال کرتے ہیں اس کے بعد اسے ناکارہ سمجھتے ہیں ۔ یہی سبب ہے کہ اقبال کو فلسفہ کی عالمگیر حکمرانی سے کلی انکار ہے ۔ آپ فلسفہ کو حقیقت کی تلاش کا ایک ذریعہ سمجھتے ہیں ۔ ایک مسافر راستہ طے کر رہا ہے ۔ راستے میں کبھی رکتا ہے ، کبھی آہستہ آہستہ چل پڑتا ہے ۔ اس طرح رک رک کر چلنا کیا اسے منزلِ مقصود تک پہنچا دے گا ۔ یہ حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اپنی منزل کو جا لے گا ۔ فلسفہ چراغِ راہ ہے ، خود راہ نہیں ہے ۔ تاہم آپ مغربی فلسفہ کو پسند نہیں فرماتے کیونکہ مغربی فلسفہ راستہ دکھاتا نہیں راستہ سے گمراہ کرتا ہے :

دانش حاضر حجاب اکبر است
بت پرست و بت فروش و بت گر است

بعض حضرات اس غلط فہمی میں مبتلا نظر آتے ہیں کہ اقبال کے افکار و نظریات مغربی حکما سے ماخوذ ہیں ، اور ان کے ذہنی ارتقا کی بنیاد مغرب کے جدید افکار و نظریات نے استوار کی ہے ۔

یہ بات بنیادی طور پر غلط ہے ۔ جس طرح ہر نظام فلسفہ کا ایک مرکز اور ایک دائرہ کار ہوتا ہے ۔ بعینہ اقبال کے فلسفہ کا ایک مرکز ہے ، یعنی تصور خودی اور اس تصور کی ہلکی سی رمق بھی حکمائے فرنگ میں نہیں ۔ تصور خودی خالصتاً اسلامی فلسفہ ہے ۔ یہ خیال نٹشے اور برگساں یا پھر کسی دوسرے مفکر سے نہیں لیا گیا ۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ نے مولانا رومی کے خیالات کو اپنایا جس کے نظریات کی بنیاد اسلام کی تعلیمات ہیں ۔ اسی لیے آپ مسلمانوں کو اس کی بیماریوں کا علاج آتش رومی کے سوز میں بتلاتے ہیں ، اور آپ مغربی حکمت کا نقشہ اس انداز میں کھینچتے ہیں :

حکمتِ مغرب سے ملت کی یہ کیفیت ہوئی
ٹکڑے ٹکڑے جس طرح سونے کو کر دیتا ہے گاز

اقبال ایک جگہ کہتے ہیں کہ میری تحریروں پر اثر اور اس کی پرورش حکماء اور صوفیائے اسلام نے کی ۔ نہ کہ اقبال نے یورپ کے علمی سرچشموں

سے فیض حاصل کیا ۔ ہاں ! اگر اقبال نے فیض حاصل کیا تو وہ قرآنِ کریم تھا ، وہ اقبال کا عشقِ رسالت تھا ، وہ صوفیا کا فلسفۂ غم تھا ، جس سے اقبال نے اپنی بصیرت کو منور کیا ۔ اقبال کے فلسفہ میں اس کا اپنا خالص اسلامی ذہن نظر آتا ہے ۔ جس نے مردِ مومن یا مردِ کامل کی تشکیل کی اور جس نے تصورِ خودی کو جنم دیا ۔

ان تمام نظریات کے سوتے اسلام سے پھوٹتے ہیں ۔ اسلام کے بعد دوسرا منبع مولانا روم ہیں جن کو اقبال پیرِ روم کہتے ہیں اور فرماتے ہیں :

صحبت پیرِ روم سے مجھ پہ ہوا یہ راز فاش
لاکھ حکیم سر بجیب ، ایک کلیم سر بکف
مثلِ کلیم ہو اگر معرکہ آزما کوئی
اب بھی درخت طور سے آتی ہے بانگ لا تخف

حقیقت یہ ہے کہ اقبال کی شاعری کا عہد بہ عہد مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ ابتدا سے لے کر ۱۹۳۸ء تک (جب آپ جاں بحق ہوئے) اسلام اور مولانا روم سے متاثر تھے اور آپ نے مغربی فلسفہ کا مطالعہ تو کیا لیکن اسے اپنے فلسفہ کی بنیاد نہ ٹھہرایا اور یہی اقبال کی عظمت ہے ۔

☆ ☆ ☆

افتخار الحسن زاہد

اقبال کا تصورِ معیشت

ڈاکٹر فرنیول (Furnivell) نے براؤننگ کی شاعری پر لیکچر دیتے ہوئے کہا تھا کہ

"وہ ہمارے شعراء میں سب سے زیادہ توانا ، سب سے زیادہ جواں ہمت ، عمیق النظر ، صاحبِ فکر اور بلند پرواز ہے ، وہ محض آب و گل کا خاموش پیکر ہی نہیں بلکہ زندگی کا ایک بے تاب مظہر ہے ۔"

میں بھی موصوف کی طرح براؤننگ کا مداح ہوں ۔ اس کی جسارت ، بے باکی ، حوصلہ مندی ، شوخی ، آہنی عزم ، ناقابلِ شکست یقین اور بے پناہ توانائی کا قائل ہوں ۔ لیکن مجھے اقبال سے زیادہ عقیدت ہے اور مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ جو الفاظ ڈاکٹر فرنیول نے براؤننگ کے متعلق استعمال فرمائے تھے وہ کہیں زیادہ برجستگی سے ترجمانِ حقیقت اقبال پر صادق آتے ہیں ۔ دونوں کی شاعری اور خاص کر اقبال کی شاعری برائے معیشت ایک حیات افروز پیغام کی حامل ہے ۔ البتہ ایک کا روئے سخن ایک متزلزل قوم کی طرف ہے جو یاس کی بھیانک ظلمتوں سے دوچار ہے اور دوسرے کا روئے سخن مادیت میں ڈوبی ہوئی قوم کی طرف ہے جو صدہا شکوک و اوہام سے دست و گریباں ہے ۔

اقبال کا تصورِ معیشت وہی ہے جو اسلام نے اختیار کیا اور جو قید معیشت کو آزاد معیشت میں تبدیل کر دیتا ہے اور اس آزادی کو اسی طرح چند حدود کا پابند بناتا ہے جس طرح تمدن و معاشرت کے تمام دوسرے شعبوں میں انسانی آزادی کو محدود کیا گیا ہے ۔ اس کے ساتھ وہ

ایسے تمام دروازے بند کر دیتا ہے جن سے آزاد معیشت میں فاسد و مفسد نظام سرمایہ داری کی خصوصیات اور اثرات و نتائج پیدا ہونے کا امکان ہو ۔

مملکت خداداد پاکستان کا قیام بیسویں صدی کا ایک معجزہ ہے ۔ جس کے قیام کا خواب اسی مفکر اعظم نے صرف چند سال پیشتر دیکھا تھا اور جس کی تعبیر کو اپنی چشم ظاہر سے دیکھے بغیر وہ اپنے خالق سے جا ملا :

مرنے والوں کی جبیں روشن ہے اس ظلمات میں
جس طرح تارے چمکتے ہیں اندھیری رات میں

تبت اور ہمالیہ کے وسیع و عریض اقطاع پر اشتراکی چین کا نفوذ ابھی کل کی بات ہے لیکن حضرت علامہ نے اس سے کہیں پہلے پیش گوئی کی تھی کہ

گیا دور سرمایہ داری گیا — تماشا دکھا کر مداری گیا
گراں خواب چینی سنبھلنے لگے — ہمالہ کے چشمے ابلنے لگے

اس ثبوت کی پیش کش سے میں ہرگز آپ کو یہ نتیجہ اخذ کرنے کے لیے نہیں کہتا کہ حکیم الامت کو آنے والے واقعات کا یقینی علم تھا ، بلکہ میرا ادعا محض اتنا ہے کہ اس حصہ عالم میں جو واقعات آنے والے تھے وہ اپنا سایہ اقبال کے ضمیر روشن پر برابر ڈال رہے تھے جن سے نیابت الٰہی کا کردار عظیم ادا کرنے والی ایک منتخب قوم کا متصف ہونا اس کی نظر میں ضروری تھا ، چنانچہ نغمات شاعر نے اپنے دور وسطیٰ میں تعلیمات حکیمہ کا رنگ اختیار کر لیا اور فکر اقبال میں خودی ، ایمان اور فقر کے عناصر سہ گانہ اس ملہمانہ انداز سے ابھرے کہ چشم عالم کھلی کی کھلی رہ گئی ۔

اقبال کو یقین تھا کہ جب اس کا مثالی نوجوان ان صفات عالیہ سے متصف ہو کر عرصۂ عالم میں اترے گا تو نہ صرف وہ اس بادشاہت کا اہل ثابت ہو گا بلکہ اپنے بے مثال اسلحہ کی مدد سے وہ اس کا اور اس کے ساتھ خود انسانیت عظمیٰ کا تحفظ بھی کر سکے گا ۔ ضمیر اقبال پر یہ

حقیقت بھی روشن تھی کہ اس دور تقابل میں کسی چھوٹی قوم کے لیے یہ ہرگز ممکن نہیں کہ وہ اپنے روحانی اور تمدنی تقاضوں کے مطابق اطمینان سے آبرو مندانہ زندگی بسر کر سکے ۔ ان کو یقین تھا کہ جب تک وہ قوت اور کردار و سیرت کے اعتبار سے ایک نہایت باجبروت قوم نہیں بنے گی اس کے لیے اس زمین پر خدا کی بادشاہت قائم کرنا تو کجا عزت کے دو سانس لینا بھی ممکن نہیں ہو گا ۔ چنانچہ انھوں نے اسے مال و دولت جمع کرنے اور ساز و سامان سے آراستہ ہونے کا طریقہ نہیں بنایا ، بلکہ نیابتِ الٰہی کا وہ اصول سمجھایا جو فوز عظیم کی منزل کو قریب تر لاتا اور انسان کو فوق البشر کی اعلیٰ قوتوں سے بہرہ ور کرتا ہے فرمایا کہ

یہ نکتہ سرگزشت ملت بیضا سے ہے پیدا
کہ اقوام زمین ایشیا کا پاسباں تو ہے
سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

پھر فرمایا کہ :

تو اپنی سرنوشت خود اپنے قلم سے لکھ
خالی رکھی ہے خامۂ حق نے تیری جبیں
یہ نیلگوں فضا جسے کہتے ہیں آسماں
ہمت ہو پر کشا تو حقیقت میں کچھ نہیں

اور جب خودی ، ایمان اور فقر کے یہ عناصر سہ گانہ ایک نسخۂ کامل میں ترتیب پا چکے تو حکیم الامت کے منشاء کے عین مطابق اس میں سے ایک بے داغ تندرست اور توانا معیشت کا تصور ابھرا جو ایک قوم تازہ اور اس کے افراد تازہ تر کے لیے نہ صرف ایک مثالی حیثیت رکھتا تھا بلکہ اس امر کا بھی ضامن تھا کہ بالآخر وہی ان کے لیے دوام رہبریٔ اقوام کے حصول کا موجب بھی ثابت ہوگا ۔

انھوں نے کسی موجود موقع و محل یا کسی ظاہری محرک کے بعد اپنی قوم کے نوجوان کو بار بار یہ تاکید کی کہ وہ مال عزیز پر ہرگز نگاہ نہ رکھے اور اس زہر کو کبھی اپنی روزی کا ذریعہ نہ بنائے ۔ کلام اقبال

میں شاہین کے مقابل کرگس کی پیش کش تاکید و تنبیہہ کی ایک ادنیٰ تشکیل ہے:

پھرا فضاؤں میں کرگس اگرچہ شاہیں وار
شکار زندہ کی لذت سے بے نصیب رہا
پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں
کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

شاہین کو تنومندی، بلند پروازی اور بے نیازی کا مجسمہ بنا کر اپنی قوم کے جوانانِ فرد کے سامنے پیش کرنے سے اقبال کا مقصد یہ نہیں تھا کہ انہیں دنیا اور اس کے متعلقات سے متنفر و بے زار کر دے بلکہ اس کے خلاف اقبال کا مقصد یہ تھا کہ نوجوانانِ عالم اپنی سیرت میں صلابت اور نظر میں دور بینی پیدا کریں اور دوسروں کی فتوحات و املاک سے ایک درویشانہ بے نیازی کی عادت ڈالیں۔ وہ جانتا تھا کہ وہی قوم دنیا میں پائیدار سطوت اور محکم سربلندی حاصل کر سکتی ہے جو اسباب دنیا تو حاصل کرے لیکن انہیں ہمیشہ اپنے قدموں تلے رکھے اپنا معبود نہ بنائے۔ شاہین کا تصور اسی تقاضے کی تخلیق تھا اور وہ بار بار اپنی قوم کو کرگسیت سے متنفر کرنے کی سعی بلیغ کرتا ہے:

دل زندہ و بیدار اگر ہو تو بتدریج!
بندے کو عطا کرتے ہیں چشم نگراں اور
الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن
ملا کی اذاں اور ہے مجاہد کی اذاں اور

حکیم الامت کی نگاہیں قبائلی علاقوں کے رہنے والوں کی طرف بار بار اٹھیں اور تاریخ کے دھندلکوں کو چیرتی ہوئی سکندرِ اعظم کے زمانے تک چلی گئیں اور جب واپس آئیں تو وہ اس کیف رومانی سے گراں بار تھیں جو کوہستان کے ان فرزندوں کی آزادی و خوشحالی کی جنگ باہم میں آزادی کی کامرانی حاصل ہوئی تھی اسے کیا خبر تھی کہ وہ وقت بھی عنقریب آنے والا ہے جب اس کے وطن عزیز میں آزادی و خوشحالی کی جنگ ایک اور صورت میں بپا ہو گی تو وہ توپ و تفنگ کا کام لے کر اس سرزمینِ پاک کو پھر اپنے زیرِ نگیں لانے کی سعی بلیغ کریں گے اور کیا

عجب کہ کامیاب ہو جائیں ۔ حکیم الامت نے یہ معرکہ روح و بدن ایک اور رنگ میں دیکھا تھا اور اپنی ملت کے نوجوان کو اس کے نتائج سے محراب گل کی زبان میں یوں خبردار کیا تھا :

میرے کہستاں ! تجھے چھوڑ کر جاؤں کہاں
تیری چٹانوں میں ہے میرے اب و جد کی خاک
اے میرے خفیہ غیور فیصلہ تیرا ہے کیا
خلعت انگریز یا پیرہن چاک چاک

اور اس سوال کا یہ خود ہی جواب دے دیا تھا کہ :

دل کی آزادی شہنشاہی شکم سامان موت
فیصلہ تیرا ترے ہاتھوں میں ہے دل یا شکم

اور فقر غیور کے اسی فیصلے کو ایک اور اسلوب میں یوں بیان فرمایا کہ :

من کی دنیا ؟ من کی دنیا سوز و مستی جذب و شوق
تن کی دنیا ؟ تن کی دنیا سود و سودا فکر و فن
من کی دولت ہاتھ آتی ہے تو پھر جاتی نہیں
تن کی دولت چھاؤں ہے آتا ہے دھن جاتا ہے دھن
من کی دنیا میں نہ پایا میں نے افرنگی کا راج
من کی دنیا میں نہ دیکھے میں نے شیخ و برہمن
پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ تن تیرا نہ من

اور پھر محراب گل کے بعد ایک جگہ فرمایا ہے :

جس سمت میں چاہے صفت سیل رواں چل
وادی یہ ہماری ہے ، وہ صحرا بھی ہمارا
تقدیر امم کیا ہے کوئی کہہ نہیں سکتا
مومن کی فراست ہو تو کافی ہے اشارہ

اور وہ اشارہ یہی تھا کہ جب روح و بدن کے معرکہ میں انتخاب کا وقت آئے تو روح کو بدن پر اس لیے ترجیح دو کہ بدنوں کی دنیا میں تمہارا

بدن کوئی حیثیت نہیں رکھتا ۔ اپنے آپ کو پہچانو ، اپنی عظمت خوابیدہ کا جائزہ اور اپنے نفس مطمئنہ کی قوت بے نہایت سے اسی فوز کبیر تک پہنچ جاؤ ۔ دولت تمھارے قدموں کی خاک بن کر رہے تمھاری آنکھوں کا سرمہ نہ بن سکے ۔

کسی قوم کی معیشت میں وسائل دولت کی تقسیم نہ صرف ایک نہایت اہم مقام رکھتی ہے بلکہ ایسے مسائل بھی پیش کرتی ہے جو اس کی داخلی زندگی اور اقوامِ عالم میں اس کے مقام دونوں پر بدرجۂ نہایت اثر انداز ہو ۔

ناممکن تھا کہ اس عالمگیر مسئلے کی لہریں شاعرِ مشرق کے افق خیال پر وارد نہ ہوتیں ۔ چنانچہ ہمیں وہ روح لینن کی زبان میں خالقِ کائنات سے برملا یہ سوال کر دیتا ہے کہ :

اے انفس و آفاق میں پیدا ترے آیات
حق یہ ہے کہ ہے زندہ و پائندہ تری ذات
وہ کون سا آدم ہے کہ تو جس کا ہے معبود
وہ آدم خاکی ، کہ جو ہے زیر سماوات ؟

اور کبھی خداوند ارض و سما کی زبان سے فرشتوں کو یہ حکم دلوایا کہ :

اٹھو مری دنیا کے غریبوں کو جگا دو
کاخ امراء کے در و دیوار ہلا دو
سلطانیٔ جمہور کا آتا ہے زمانہ
جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو
جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

اس میں کوئی شک نہیں کہ اشتراکیت نے سرمایہ داری کے زہر کا ایک ضروری اور وقتی طور پر تریاق ضرور پیش کیا لیکن اقبال کی نگاہ حکیمانہ نے اس نکتے کو محصور کر لیا تھا ۔

اقبال کا مثالی فرد پیکر ایثار ہونے کے ساتھ ساتھ انتہا درجے کا سخت کوش بھی ہے کہ اس کی سخت کوشی ہی اسے اس درجے تک پہنچاتی

ہے جہاں وہ ایسے نتائجِ اکتساب کو انسانیت کی نذر کر دیتا ہے اس لیے بنیادی وسائل دولت کو اقبال نے محض اللہ کی ملک قرار دیا ہے۔ انسان کو اس پر کوئی موروثی یا مستقل حق نہیں دیا بلکہ اسے تقسیم در تقسیم کے ذریعے پھر معاشرے کو واپس کر دیا ہے اور یہی عین حکمت اسلام ہے:

اقبال بڑا اپدیشک ہے من باتوں میں موہ لیتا ہے
گفتار کا غازی بن تو گیا کردار کا غازی بن نہ سکا

اقبال نے معیشت کا ایک نکھرا ہوا تصور ہمارے سامنے رکھا لیکن مقام حیرت و افسوس ہے کہ جس طرف دیکھو، دار و گیر اور حرص و ہوا کا بازار گرم ہے۔ آج آپ کو اپنے گرد جتنے چہرے نظر آتے ہیں ان میں سے بیشتر کی پیشانیوں پر "ھل من مزید" کا عنوان خط بے نشاں میں لکھا ہوا نظر آئے گا۔ آج اقبال کے تصور کی مملکت میں قریب قریب ہر شخص ایک ہی دھن میں گم اور ایک ہی لگن میں مگن ملے گا، اور وہ دھن اور لگن حصولِ زر اور تلاش دولت کے سوا اور قطعاً کچھ نہیں ہو گی:

غبار آلودۂ رنگ و نسب ہیں بال و پر تیرے
تو اے مرغ حرم اڑنے سے پہلے پر فشاں ہو جا

وہ یہ تصور بھی نہیں کر سکتے کہ دولت ایک بہتا ہوا پانی ہے اسے حوض میں بھر کر روک لیں تو تعفن پیدا کر کے معاشرے کو بیمار کر دے گا اور وہ چیز جسے عرف عام میں برکت کہتے ہیں اس میں بخار بن کر اڑ جائے گا۔

صفحۂ ایام سے داغ مداد شب مٹا!
آسماں سے نقش باطل کی طرح کوکب مٹا!

آج ہمیں ایسے نفوس قدسی کی ضرورت ہے جو زندگی میں داد و دہش کے عناصر عملی طور پر نمایاں کر کے موت کی طرف لے جانے والے راستے سے ہٹا کر منزل خیر دوام کے راستے پر ڈالیں۔ یاد رکھیے خیر سے پیدا ہونے والی قوت وہ قوتِ عظیم ہے جو کسی قوم کے جسم میں خون بن کر

دوڑنے لگے تو حقیقی عظمت اس کے قدم چومتی ہے اور تقدیر ربانی آگے آگے چلتی ہے۔

دنیا کی فائز المرام قوموں کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں لیکن خود ہماری اپنی روایات ابھی یکسر فنا نہیں ہوئیں لیکن کون ہے جو آنکھیں کھولے اور زمانے کے بڑھتے ہوئے سائے کو آنکھیں کھول کر دیکھے اور مستقبل کے قدموں کی چاپ سن کر خبردار ہو جائے؟

قلب میں سوز نہیں ، روح میں احساس نہیں
کچھ بھی پیغام محمد کا تمھیں پاس نہیں

———

جو تھا نہیں ہے ، جو ہے نہ ہو گا ، یہی ہے اک حرف محرمانہ
قریب تر ہے نمود جس کی اسی کا مشتاق ہے زمانہ

———

فریب خوردۂ منزل ہے کارواں ورنہ
زیادہ راحت منزل سے ہے نشاط رحیل
مجھے وہ درس فرنگ آج یاد آتے ہیں
کہاں حضور کی لذت ، کہاں حجاب دلیل
اندھیری شب ہے جدا اپنے قافلے سے ہے تو
ترے لیے ہے مرا شعلۂ نوا قندیل
غریب و سادہ و رنگیں ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسین ، ابتدا ہے اسمٰعیل

٭ ٭ ٭

مس خالدہ ناہید

اقبال کا تصورِ فن

اقبال آرٹ کو حصولِ مقاصد کا ذریعہ سمجھتے ہیں ۔ ان کے نزدیک آرٹ وہ ہے جو انسانی زندگی کو بہتر اور حسین بناتا ہے اور جو فن ایسا کرنے میں ناکام رہتا ہے وہ کبھی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا ۔ ہر عظیم شاعر کا آرٹ کے متعلق کوئی نہ کوئی نقطۂ نظر ہوتا ہے ۔ اقبال کے نزدیک آرٹ زندگی کا خادم ہے ان کے خیال میں فن کار کو اپنے دل و دماغ پر ایسی کیفیت طاری کرنی چاہیے جس کا محرک جوشِ عشق ہو اور اس کیفیت کی شدت کا یہ عالم ہو کہ شاعر اس کے اظہار پر مجبور ہو جائے یہی کیفیت آرٹ کی جان ہے :

اے اہلِ نظر ذوقِ نظر خوب ہے لیکن
جو شے کی حقیقت کو نہ سمجھے وہ نظر کیا

مرقع چغتائی میں اقبال اپنے تصورِ فن کی یوں وضاحت کرتے ہیں :

"کسی قوم کی روحانی صحت کا دار و مدار اس کے شعراء اور فن کاروں کی الہامی صلاحیت پر ہوتا ہے لیکن یہ ایسی چیز نہیں جس پر کسی کو قابو حاصل ہو ۔ یہ ایک عطیہ ہے جس کی خاصیت اور تاثیر کے متعلق اس کا پانے والا اس وقت تک تنقیدی نظر نہیں ڈال سکتا جب تک کہ وہ اسے حاصل نہ کر چکا ہو ۔ اس لیے اس عطیے سے فیض یاب ہونے والے کی شخصیت اور خود اس عطیے کی حیات بخش تاثیر انسانیت کے لیے اہمیت رکھتے ہیں ۔ کسی زوال پذیر آرٹسٹ کی تخلیقی تحریک ، اگر اس میں یہ صلاحیت ہے کہ وہ اپنے نغمے یا تصویر سے لوگوں کے دل لبھا سکے ، قوم کے لیے اٹیلا اور چنگیز خاں کے لشکروں سے زیادہ تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے ۔"

اقبال کے نزدیک شعر کسی فن کار کے جذبات کی ترجمانی کا ذریعہ ہے۔ شعر آرٹ کے صحیح تصور کی عکاسی کرتا ہے۔ آرٹ کا مقصد فطرت کی نقالی نہیں ان کے نزدیک آرٹ میں شخصی اور ذاتی عنصر کا ہونا لازمی ہے۔ اقبال فن کو خودی کے استحکام کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ جو آرٹ خودی کی کمزوری کا سبب بنتا ہے، ان کے خیال میں وہ صحیح آرٹ نہیں فن خودی کو مستحکم کرنے کا ذریعہ ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

سرود و شعر و سیاست کتاب و دین و ہنر
گہر ہیں ان کی گرہ میں تمام یک دانہ
اگر خودی کی حفاظت کریں تو عین حیات
نہ کر سکیں تو سراپا فسون و افسانہ

قوت اور توانائی کو اقبال کے آرٹ میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔ یہی جوشِ حیات ہے جو اقبال کی شعری قوت کو متحرک کرتا ہے۔ ہر طاقت ور چیز انہیں حسین نظر آتی ہے وہ آرٹ میں ایسی قوت و توانائی کے خواہاں ہیں جو مردوں میں زندگی کی روح پھونک دے جو بھٹکے ہوئے انسانوں کو راہ راست پر لے آئے جو غافلوں کو ہوش و ہواس بخش دے جس سے سوئی ہوئی انسانی قوتیں صحیح راستے پر گامزن ہوں جو روح کی بیداری کا پیغام دے۔ وہ آرٹ ایسا آرٹ نہ ہو جو صرف تاثراتی کیفیت پیدا کرتا ہے وہ کیفیت تو محض وقتی ہوتی ہے اور دیر پا ثابت نہیں ہو سکتی۔ جو فن زندگی کی تکمیل اور فراوانی میں مدد نہیں کرتا، مختلف انسانی مسائل کو حل کرنے میں مدد نہیں دیتا، وہ آرٹ بے معنی ہے۔ اقبال اس فن کو صحیح فن تصور کرتے ہیں جو زندگی پر پوری طرح چھا جائے اور ساتھ ہی ساتھ انسانی دل و دماغ کی رہبری بھی کرے۔ علامہ مرحوم آرٹ کو آرٹ کی خاطر پسند نہیں کرتے وہ اسے زندگی کے حصول کا ذریعہ سمجھتے ہیں آرٹ کا مقصد جوش و ولولہ پیدا کرنا ہے جس پر روحانی صحت کا دار و مدار ہے۔ اقبال کے نزدیک آرٹ کو بامقصد، زندگی کا خادم بن کر اسے عظمت و حسن عطا کرنا ہے ایک فن کار کی کوشش یہی ہونی چاہیے کہ وہ نہ صرف آرٹ کے ذریعے مسرت و انبساط کی کیفیت پیدا کرے بلکہ ان جذبات و احساسات کو بیدار کرے جو ارفع و اعلیٰ ہیں۔ آرٹ زندگی کے حقائق کی نقاب کشائی کرتا ہے۔

اقبال کے خیال میں کسی آرٹ کی فنی خوبیاں اس وقت اجاگر ہوتی ہیں جب ان میں حقائق کے ساتھ تخیل کی آمیزش بھی ہو مگر تخیل کی پرواز کے لیے حدود کا تعین ضروری ہے اگر قوت متخیلہ حدود کا تعین نہ کرے تو فن کی پوری خوبیاں ظاہر نہیں ہو سکتیں کیونکہ تخیل کی پرواز میں فن کار یا شاعر اتنی بلندی پر پہنچ جاتا ہے کہ بجائے فن کی پوری خوبیاں اجاگر ہونے کے اس کا دھندلا سا نقش باقی رہ جاتا ہے جس سے فن کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ اقبال ایسے فن کار ہیں جو تخیل کی رنگ آمیزی کے باوجود حقیقت سے کنارہ کشی اختیار نہیں کرتے۔

اقبال کے نزدیک حسن و صداقت کا معیار ایک ہی ہے جیسا کہ انھوں نے اپنی نظم ''شیکسپیئر'' میں کہا ہے:

برگ گل آئینۂ عارض زیبائے بہار
شاہد مے کے لیے حجلۂ جام آئینہ
حسن آئینۂ حق اور دل آئینۂ حسن
دل انساں کو ترا حسن کلام آئینہ

